## ویکن میں بلدیات کے لئے علاقائی اقدامات میں تبدیلیاں

ویکن کے کچھ حصوں میں انفیکشن ابھی بھی زیادہ ہے، جبکہ ضلع کے دوسرے حصوں میں بھی واضع صورتحال کے ساتھ کمی کا رجحان ہے۔ محکمہ برائے صحت ، ادارہ برائے صحت عامہ اور ریاستی منتظم کی سفارش کے بعد ، حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ 4 بلدیات اقدامات کی سطح A جاری رکھیں گے ،17 بلدیات میں اقدامات کی سطح Bنافذ کی جائے گی یا جاری رکھیں گی ،جبکہ 18 بلدیات کو اس اسکیم سے خارج کر دیا جائے گا۔ بلدیات میں سے کچھ جو اقدامات کی سطح B حاصل کرتے ہیں ان کو اس کے علاوہ مقامی طور پر سخت اقدامات بھی متعارف کرانے چاہیے۔یہ اقدامات 26 اپریل بروز پیر کی نصف شب سے نافذالعمل ہوں گے اور 9 مئی تک جاری رہیں گے، لیکن صورتحال کا نئے سرے سے جائزہ لینے کے لیے ایک ہفتے بعد بلدیات کے ساتھ میٹنگ ہوگی۔

۔وزیر برائے صحت و نگہداشت بینٹ ہوئی کا کہنا تھا، ویکن میں انفیکشن کی شرح کا رجحان کمی کی طرف ہے۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ سخت اقدامات کام کرتے ہیں۔ لہذا، ہم متعدد بلدیات میں اقدامات کی سطح کو کم کر سکتے ہیں۔ بہر حال ، مشرقی اوسلو سے متصل بلدیہ میں اب بھی انفیکشن کی تعداد زیادہ ہے اور وہاں کی صورتحال مکمل طور پر قابو میں نہیں ہے۔ لہذا ان بلدیات کو اقدامات کی سطح A جاری رکھنی ہوگی۔

محکمہ برائے صحت ، ادارہ برائے صحت عامہ ، اوسلو اور وکن میں ریاستی منتظم اور متاثرہ بلدیات نے اس معاملے پر قریبی بات چیت کی ہے۔ زیادہ تر بلدیات سفارش کی تائیدکرتی ہیں۔

## کچھ بلدیات میں اقدامات کی سطح B کے علاوہ سخت مقامی اقدامات نافذ ہونے چاہیے

انتہائی غیر محفوظ بلدیات کے لئے جو اقدامات کی سطح B پر ہیں ، ادارہ برائے صحت عامہ اور محکمہ برائے صحت ان بلدیات کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ مقامی نقل و حرکت اور رابطہ کو کم کرنے کے اقدامات متعارف کرانے کے لئے خود کو مربوط کریں۔یہ علاقائی اقدامات میں اضافے کے علاوہ ہے ، اور یہ مقامی اور علاقائی انفیکشن صورتحال پر مبنی ہونا چاہئے۔

اس کا اطلاق مندرجہ ذیل بلدیات پر ہوتا ہے ، جن کو ایک ہی خطے میں سخت مقامی اقدامات کے ساتھ ہم آہنگ ہوناچاہیئے:

**فولوکا حلقہ:**

- ایپنے بک
- فروگن
- اندرے اوستفولد
- نوردرے فولو
- ویست بی
- اوس

**جنوبی خطہ**

- فریدرکستاد
- ہالڈن
- موس
- رودے

**مغربی خطہ**

- آسکر
- بیرم
- درامن
- لییر

## ان بلدیات میں اقدامت A کی سطح جاری رکھی گئی ہے:

لیلیے ستروم، لورین سکوگ، ریبلیلینگن اور اولنساکر۔

یہاں آپ اقداماتی سطح A کی تفصیلات دیکھ سکتے ہیں (خاص اعلیٰ سطح کے اقدامات، کووِڈ-19 قواعد و ضوابط کے باب 5A میں باقائدہ منظم):

**اقداماتی سطح A (خاص اعلیٰ سطح کے اقدامات، کووِڈ-19 قواعد و ضوابط کے باب 5A میں باقائدہ منظم):**

**بارنے ہاگے، اسکول، یونیورسٹیاں، کالج اور پیشہ ورانہ اسکول**

- پہلا اقداماتی درجہ ٹریفک سگنل کے ماڈل کی مانند پورے ملک کے دیگر حصوں کی طرح اسکولوں اور بارنے ہاگے پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ انفیکشن کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے مقامی طور پر اس کا تجزیہ ہونا چاہیے، اس کا مطلب یہ ہے کہ بلدیہ بطور انفیکشن کنٹرول حکام یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ انفیکشن کنٹرول کی پیشہ ورانہ تشخیص کی بنیاد پر ضرورت پڑنے پر سرخ سطح کا اطلاق کیا جا سکتا ہے۔ اس کے باوجود صورتحال کے پیش نظر حکومت سرخ سطح نافذ کرنے کے لیے سفارشات کر سکتی ہے۔

یونیورسٹیوں، کالجوں، پیشہ ورانہ اسکولوں کے احاطے طلباء کے لیے بند کر دیئے گئے ہیں اور تدریسی عمل ڈیجیٹل ہوگا۔ اس کے علاوہ ملازمین ملازمتی اصولوں پر عمل پیرا رہیں گے۔ یونیورسٹیاں، کالج اور پیشہ ورانہ تعلیمی مراکز احاطہ کی بندش سے استثناء دے سکتے ہیں اگر احاطے تک رسائی ان طلباء کے لیے ضروری ہے جن کا انحصار تجربات یا ہنر کی تربیت کے لیے اہم ہے اور ڈیجیٹل طور پر مکمل نہیں ہو سکتی اور جو تعلیمی ترقی کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے اور طلباء کے بلدیہ میں انفیکشن کنٹرول اتھارٹی کے مشورے کے مطابق باقاعدگی سے کووِڈ-19 کے ٹیسٹ لیے جاتے ہیں۔ لائبریریاں اور پڑھنے کے کمرے بھی ایسے طلباء کے لیے کھلے رکھے جا سکتے ہیں جن کا کووِڈ-19 کا ٹیسٹ باقاعدگی سے لیا جاتا ہے۔

**تقاریب**

- بیرون اور اندرون خانہ ہر قسم کی تقاریب کو ممنوع کیا جاتا ہے، شادیوں کی تقاریب، جنازوں، تدفین اور بپتسمہ کو استثناء حاصل ہوگا۔ جب حاضرین میں سے ہر ایک کے پاس مستقل، نامزد نشستیں ہوں تو جنازوں اور تدفین میں 30 سے زیادہ افراد موجود نہیں ہو سکتے ہیں۔ نکاح میں دلہا دلہن، امام اور دو گواہان موجود ہو سکتے ہیں۔ بپتسمہ کے وقت، بچہ، والدین، پادری اور اور دو ضامن موجود ہو سکتے ہیں۔

- ڈیجیٹل اجلاس میں زیادہ سے زیادہ پانچ افراد، علاوہ ازیں پیشہ ور افراد، اور ضروری تصنیف کار عملہ کی اجازت ہے۔

## کھیل اور تفریحی سرگرمیاں

- بالغوں اور نوجوان افراد کے لئے کھیلوں کی سرگرمیاں منظم کرنے کی اجازت نہیں ہے (دو استثناء کے ساتھ ، نیچے ملاحظہ کریں)۔ یہی سب تفریحی سرگرمیوں جیسے کے منظم کی گئی تیاریاں، تربیتی ورزشیں، کورس میں گانے، بینڈ اور تھیٹر میں ہونے والی مشقوں پر لاگو ہوتا ہے۔
- 20 سال سے کم عمر کے بچوں اور نوجوانوں کے لئے بیرونی منظم کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کی اجازت ہے، جب تک یہ 10 لوگوں پہ مشتمل گروپ میں ہو اور تمام شرکاء ایک ہی بلدیہ سے تعلق رکھتے ہوں۔ تجویز کی جاتی ہے کہ سرگرمیاں اس انداز میں ہوں کہ آپ شرکا ء کے درمیان کم سے کم دو میٹر کی دوری برقرار رکھ سکیں۔
- بیرونی منظم کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں, نشہ کے عادی افراد یا شدید ذہنی بیماری کے شکار افراد کے لے منقعد کرنے کی اجازت ہے، جب تک یہ بیرونِ خانہ اور پانچ افراد پر مشتمل گروپ میں کیا جا سکتا ہے اگر تمام شرکاء کا تعلق ایک ہی بلدیہ سے ہو۔

## ملازمت کی جگہ

جن کے لیے سہولت موجود ہے وہ لازما'' گھر سے کام کریں۔ آجروں کو یقینی بنانا ہوگا کہ ملازمین جہاں تک عملی طور پر ممکن ہو گھر سے کام کریں۔ آجروں کو دستاویزی طور پر ثابت کرنا ہوگا کہ ملازمین کو گھر سے کام سر انجام دینے کے طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا ہے۔ کام تک آنے جانے کا سفر سخت ضرورت کے تحت سمجھا جائے گا۔ لیکن پھر بھی گھر سے کام کرنے کی پابندی ان لوگوں پر عائدہوتی ہے جن کے پاس یہ سہولت موجود ہے۔

## دوکانیں اور خدمات

مندرجہ ذیل استثناء کے علاوہ ، تمام دوکانیں اور ڈیپارٹمینٹل سٹور بند رہے گیں:

- کریانے کی دوکان، بشمول چھوٹی دوکانیں، صحت بخش اشیاء کی دوکانیں اور دیگر جو بنیادی طور پر کھانے پینے کی اشیاء فروخت کرتے ہیں۔
- وہ فروختی جگہ جو پالتو جانوروں کی خوراک اور جانوروں کی دیگر ضروریات کی چیزیں فروخت کرتے ہیں۔
- میڈیکل سٹورز
- مرہم پٹیاں بیچنے والے
- عینک ساز
- شراب خانہ
- چھوٹے کاروبار مثلا نائی، جلد کے ماہرین، جسم گودنے والا اور ایسے ہی
- صحت کی دیکھ بھال کرنے والے: جیسے کہ فزیوتھیراپسٹ، دستی معالج (ہڈیاں چٹخانے والا) پاؤں کا طبیب اور ایسے بہت سے
- پھولوں اور پودوں کی خوردہ تجارت کے طور پر قانونی اداروں کے لئے مرکزی کاروباری رجسٹر میں مستقل جگہ فروخت کے ساتھ پھولوں کی دکانیں ، جن کا فروخت کا رقبہ 250 مربع میٹر سے زیادہ نہیں ہے ، ایک کاروبار جس میں بنیادی طور پر بہت ہی کم پھولوں کی مختلف اقسام کی فروخت ہوتی ہے۔
- زراعت اور جانوروں کی پیداوار کے لیے فروختی مراکز
- گودام اور تھوک کا مال بیچنے والے جو دستکاروں اور ایسے لوگوں کو مہیا کرتے ہیں۔
- دوکانیں اور ڈیپارٹمینٹل سٹورز پیشگی ادائیگی کی گئی اشیاء کی ترسیل کر سکتے ہیں،سامان کی فراہمی کے لیے انفیکشن کنٹرول کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے کر سکتے ہیں

**ریستواں، کیفے، بار اور ہوٹل**

- ریستواں بند ، لیکن کھانا ساتھ لے جانے (ٹیک اوے) کی اجازت
- شراب پیش کرنے پر پابندی
- ہوٹل میں واقع ریستوراں قیام کرنے والے مہمانوں کو کھانا پیش کر سکتے ہیں

## مندرجہ ذیل کاروبار اور مقامات بند رہیں گے

- جم خانہ
- تیراکی کے مراکز، تفریحی واٹر پارک، اسپاء کی سہولیات، ہوٹل کا پول اور اسی طرح
- مذہبی اور نظریاتی گھر بند، تدفین اور جنازہ اور علماء اور دوسرے مکتبہ فکر کے افراد کے انفرادی گفتگو کو استثنیٰ حاصل ہوگا
- لائبریریاں
- تفریحی پارکس، بنگوہال، گیمنگ ہال، پلے لینڈ، بولنگ ایلی اور اس طرح کی جگہیں
- عجائب گھر
- سینیما، تھیٹر، موسیقی کے مقامات اور ایسے ہی ثقافتی اور تفریحی مقامات
- دیگر عوامی مقامات اور کاروبار جہاں پر ثقافتی، تفریحی سرگرمیاں لوگوں کو اندر جمع کرنے کا باعث بنتی ہیں

## تجاویز

- سب کو ایک دوسرے کے گھر میں میل جول اور اپنے گھر میں اجتماعات سے گریز کرنا چاہیئے۔ مندرجہ ذیل مستثنیات:
- ضروری گھریلو خدمات اور زندگی کے آخری مراحل میں لوگوں کا خیال رکھنا
- تنہا رہنے والے، ایک سے دو لوگوں کو مدعو کر سکتے ہیں اور ان کے گھر جا سکتے ہیں یا ایک مستقل کنبے کو مل سکتے ہیں
- بچے اپنے بارنے ہاگے، اسکول کے مخصوص گروپ کے علاوہ اور نوجوان ایک یا دو مستقل دوستوں کے گھر یا انھیں ملنے کے لیے بلا سکتے ہیں۔
- جہاں پر ممکن ہودوسروں سے کم از کم 2 میٹر کا فاصلہ رکھیں، اپنے کنبے اور اسی طرح قریبی لوگوں کو استثناء حاصل ہے۔اندرونِ خانہ فاصلے کا خیال رکھنا خاص ضروری ہے۔
- تمام افراد کو غیر ضروری سفر کرنے سے اجتناب کرنا چاہیئے،ملازمت تک کیا جانے والا سفر ضروری گردانا جائے گا، کثیر اکثریت کے لیے گھر سے کام کرنے کے تقاضے لاگو ہوتے ہیں۔
- ایک بلدیہ میں رہنے والے کو پڑوسی بلدیات میں کھلے خریداری کے مراکز یا ڈیپارٹمینٹل سٹورز پر جانے کی حمایت نہیں کی جاتی۔

- بلدیہ میں رہنے والے تفریحی رہائشگاہ پر صرف اہل خانہ کے ساتھ جا سکتے ہیں۔ تمام خریداری جانے سے پہلے اپنی بلدیہ میں کریں، دوکانوں، ریستوراں یا کاٹیج کی بلدیہ میں پرہجوم جگہ کی طرف رجوع نہ کریں۔ سکینگ ٹریل، سکیینگ ٹریک اور چہل قدمی کے دوران دوسروں سے خوب فاصلہ رکھیں۔یہ ضرور جانیے کہ کاٹیج بلدیہ میں کونسے مشورے اور قوائد لاگو ہوتے ہیں اور ان پر عمل کریں۔ مہمان مدعو نہیں کریں۔[اسکی ریزورٹ ایف ایچ آئی کے مشورے یہاں دیکھیں]
- بلدیات اور اضلاع کو عوامی ٹرانسپورٹ میں مظبوط اقدامات متعارف کروانے چاہییں، مثال کے طور پر نقل و حمل کے زرائع میں صرف پچاس فیصد تک استعمال کی گنجائش ہو
- وہ افراد جو رسک گروپ میں ہیں اور کرونا وائرس کے لگنے سے شدید بیمار ہو سکتے ہیں یا مر سکتے ہیں تو ایسے افراد کو گوشہ نشینی اختیار کرنی چاہیئے۔
- چھوٹے کاروبار، مثال کے طور پر نائی، مضبوط اقدامات کرنے کی ضرورت ہے جیسے کہ چہرے پہ لگانے والا ماسک، اگر ایک میٹر کا فاصلہ رکھنا ناممکن ہو دوسری صورت میں کام میں کمی یا عارضی طور پر پیشکش ختم کر دیں جس میں آمنے سامنے ہونے کے امکان زیادہ ہوں
- اپنے قریبی رابطوں اور اہل خانہ کی جانچ اور اس کی پیروی کرنا:
- وہ افراد جو انفیکشن کے قرنطینہ میں ہیں انھیں اس مدت کے ساتویں سے دسویں دن ٹیسٹ کروانے کا مشورہ دیا جاتا ہے
- تبدیل شدہ کرونا وائرس کے لگنے سے وابستہ قریبی رابطوں کے قرنطینہ میں داخل ہوتےوقت(جب یہ واضح ہو جائے کہ بیماری لگنے والے کے قریبی رابطے ہیں) اور قرنطینہ سے نکلتے وقت(ابتدائی سات دن کے بعد) پی سی آر ٹیسٹ کے زریعے جانچا جاتا ہے۔
- قریبی رابطوں کےاہل خانہ کے افراد کو تب تک قرنطینہ میں رہنا ہوگا جب تک قریبی رابطے کے لیے گئے پی سی آر ٹیسٹ کا جواب دستیاب نہ ہو جائے۔یہ انگریزی وائرس کی تبدیل شدہ قسم کے پھوٹنے کی صورت میں لاگو ہوتا ہے

## چہرے کا ماسک پہننا لازم ہے

- جب اپنے اہل خانہ کے علاوہ دوسروں کے قریب سے گزرنے کا فاصلہ 1 میٹر سے کم ہو توایسی صورت میں، دوکانوں، خریداری کے مراکز کی مشترکہ جگہ، ریستوراں، عبادگاہوں اور مکتبہ فکر گھروں ، مشترکہ نقل و حمل کے

زرائع اور اندرون خانہ اسٹیشن، اور ثقافتی، کھیل اور تفریحی سرگرمیوں کے احاطے میں ماسک کا استعمال ضروری ہو گا

- سواریاں ٹیکسی میں ماسک کا استعمال کریں گیں۔ سواری ٹیکسی میں داخل ہونے سے پہلے ماسک لگائے گی اور جب تک سفر ختم ہو اور سواری ٹیکسی سے اتر نہیں جاتی تب تک ماسک پہننا پڑے گا۔ ماسک لگانے کا یہ فریضہ ٹیکسی کے ڈرائیور پر بھی سواری گاڑی میں موجود ہونے کی صورت میں لاگو ہوتا ہے
- ماسک لگانے کا اطلاق ایسے مقامات کے ملازمین پر بھی ہوتا ہے جہاں پر آنے والوں سے کم از کم ایک میٹر کا فاصلہ قائم رکھنا ممکن نہ ہو۔ یہ ان ملازمین پر لاگو نہیں ہوتا جہاں ادارہ برائے صحت کی طرف سے انفیکشن کنٹرول کے دیگر اقدامات نافذ کیے گئے ہوں جیسے کے ، چہرے کو بچانے کے لیے پلاسٹک کا پورا چھجا، پلاسٹک کی حفاظتی دیوار
- ماسک کے استعمال کا اطلاق 12 سال سے کم عمر بچوں، اورجو طبی یا دوسری وجوہات کی بناء پر ماسک استعمال کرنے سے قاصر ہیں پر نہیں ہوتا۔

تمام بلدیات مقامی انفیکشن کی صورتحال کے پیش نظر سخت مشورے اور قوائد متعارف کروا سکتی ہے۔ اس لئے یہ جاننا نہایت ضروری ہے کہ آپ کی بلدیہ میں کیا لاگو ہوتا ہے۔

## ان بلدیات میں ، اقدامات کی سطح A سے نیچے کرکے اقدامات کی سطح Bکی جارہی ہے ، یا جاری ہے :

اینے بک، فروگن، اندرے اوستفولد، نوردرے فولو، ویستبی، اوس، فریدرکستاد، ہالڈن، موس، رودے، سارس برگ، آسکر، بیرم، درامن، لییر، آیدسولد اور نانے ستاد۔

یہاں آپ اقداماتی سطح B کی تفصیلات دیکھ سکتے ہیں (خاص اعلیٰ سطح کے اقدامات، کوویڈ-19 قواعد و ضوابط کے باب 5A میں باقائدہ منظم):

**اقداماتی سطح B (خاص اعلیٰ سطح کے اقدامات، کوویڈ-19 قواعد و ضوابط کے باب 5A میں باقائدہ منظم):**

**بارنے ہاگے، اسکول، یونیورسٹیاں، کالج اورپیشہ ورانہ اسکول**

- پہلا اقداماتی درجہ ٹریفک سگنل کے ماڈل کی مانند پورے ملک کے دیگر حصوں کی طرح اسکولوں اور بارنے ہاگے پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ انفیکشن کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے مقامی طور پر اس کا تجزیہ ہونا چاہیے، اس کا مطلب یہ ہے کہ بلدیہ بطور انفیکشن کنٹرول حکام یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ انفیکشن کنٹرول کی پیشہ ورانہ تشخیص کی بنیاد پر ضرورت پڑنے پر سرخ سطح کا اطلاق کیا جا سکتا ہے۔ اس کے باوجود صورتحال کے پیش نظر حکومت سرخ سطح نافذ کرنے کے لیے سفارشات کر سکتی ہے
- یونیورسٹیوں، کالجوں، پیشہ ورانہ تعلیمی مراکز، پرائمری اسکول میں بالغوں کی تعلیم، اپر سیکنڈری اسکول، تعارف ایکٹ اور انضمام قانون کے تحت تعلیم حاصل کرنے والے بالغان، اور اس کے ساتھ ہی طالبات کی ایسوسیئیشن اور قابلیت پلس کے تحت کورس کی سرگرمیاں تمام طلباء کے لیے بند کر دی گئی ہیں۔ بہر حال لائبریریاں اور تدریسی کمرے ابھی بھی کھلے ہیں۔ملازمین اس کے علاوہ ملازمتی اصولوں پر عمل پیرا رہیں گے۔ تدریسی عمل ڈیجیٹل ہوگا۔
- یونیورسٹیاں، کالج اور پیشہ ورانہ تعلیمی مراکز احاطہ کی بندش سے استثناء دے سکتے ہیں اگر احاطے تک رسائی ان طلباء کے لیے ضروری ہے جن کا انحصار تجربات یا ہنر کی تربیت کے لیے اہم ہے اور ڈیجیٹل طور پر مکمل نہیں ہو سکتی اور جو تعلیمی ترقی کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔
- جو تعلیمی مراکز مفت اسکول ایکٹ کے باب 6A کے تحت منظور شدہ ہیں ان کو طلباء کے لیے بند نہیں کیا جائے گا۔ بورڈنگ اسکول والے ادارے فولکے ہائی سکولے کے قوانین اور بورڈنگ اسکول کے بغیر ادارے اسکینڈری اسکول کے قوانین اور سفارشات پر عمل کریں گے۔
- ادارے کمرہ تعلیم کو ان طلباء کے لیے کھلا رکھ سکتے ہیں جن کی تعلیم کا دارومدار تجربات اور ہنر کی تربیت پر منحصر ہے جو ڈیجیٹل طور پر ممکن نہیں اور تعلیمی میعار کو برقرار رکھنے کے لیے بہت ضروری ہے۔

**تقاریب**

- بیرون خانہ ہر قسم کی تقاریب کو ممنوع کیا جاتا ہے، مذہبی اور مکتبہ فکر کے اجتماعت، بشمول شادیوں کی تقاریب، جنازوں، تدفین، بپتسمہ اور یوم تاسیس کو استثناء حاصل ہو گا۔
- ایمان - اور فلسفیانہ محافل میں 20 سے زائد افراد کی شمولیت نہیں ہونی چائیے اور تمام افراد کے لیے مختص نسب شدہ نشستوں کا اہتمام ہو۔ جنازوں اور تدفین میں شمولیت کی تعداد کے لیے قومی قوائد لاگو ہوتے ہیں۔

- ڈیجیٹل اجلاس میں زیادہ سے زیادہ پانچ افراد، علاوہ ازیں پیشہ ور افراد، اور ضروری تصنیف کار عملہ کی اجازت ہے۔

## کھیل اور تفریحی سرگرمیاں

- 20 سال سے کم عمر کے بچوں اور نوعمروں کے لیے ثقافتی۔، کھیل کی۔، اور تفریحی سرگرمیاں کھلی رکھی جا سکتی ہیں۔20 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد کے لیے انڈور کھیل کی سرگرمیوں کی اجازت نہیں ہے۔ یہی تفریحی سرگرمیاں جیسے کے منظم کی گئی تیاریاں، تربیتی ورزشیں، کورس میں گانے، بینڈ اور تھیٹر میں ہونے والی مشقوں پر لاگو ہوتی ہے۔ پیشہ ور کھلاڑیوں کے لیے منظم تربیت کی انڈور اجازت ابھی بھی موجود ہے۔
- تیراکی کے تالاب، واٹر پارک، اسپاء کی سہولت، ہوٹل کا پول اور ایسی ہی دوسری چیزوں کو20 سال سے کم عمر کو تیراکی سیکھانے، منظم تیراکی کورس اور منظم تیراکی کی تربیت اور پیشہ ور کھلاڑیوں کے لیے، اور بحالی صحت ، ورزش اور انفرادی علاج کے لیے۔

### ملازمت

- جن کے لیےگھر سے کام کرنا ممکن ہو ان کے لیے احکامات جاری۔ آجر اس امر کو یقینی بنائے کہ ملازمین عملی طور پر جس حد تک ممکن ہو گھر سے کام کریں۔ آجروں پر لازم ہے وہ اس بارے میں دستاویزی ثبوت پیش کر سکیں کہ ملازمین کو اس بارے میں مکمل معلومات فراہم کی گئی ہیں کہ کمپنی میں ان باتوں کا اجرا کیسے ہو گا۔ کام کے سلسلے میں سفر نہایت مجبوری کے تحت ہونا چاہیے۔ بہرحال گھر سے کام کرنے قوانین ان لوگوں پر لاگو ہوتے ہیں جن کے پاس یہ سہولت موجود ہے۔

### دوکانیں اور خدمات

- دوکانیں کھلی رکھ سکتے ہیں
- چھوٹے کاروبار ، جیسے کے نائی، بھی دوکان کھول سکتے ہیں

## ریستوراں، کیفے، شراب خانے اور ہوٹل

- شراب پیش کرنے پر پابندی

## مندرجہ ذیل کاروبار اور مقامات بند رہیں گے

- جم خانہ، تاہم ایسے کہ مندرجہ ذیل پیشکشیں کھلی رہ سکیں:
- بحالی صحت اور بحالی ورزش کی پیشکش جو انفرادی طور پر یا منتظم کے ساتھ چھوٹے گروپوں میں دی جا سکے
- انفرادی ورزش اور علاج جس کے لیے وقت لیا جاسکے۔
- تیراکی کے تالاب ، تیراکی کے پارک، اسپاء کی سہولت ، ہوٹل کے تالاب اور ایسے ہی سب بند کیا جائے گا، پھر بھی یوں کے مندرجہ ذیل پیشکش کھلی رہیں:
- 20 سال سے کم عمر افراد کے لیے اسکول کی تیراکی، منظم تیراکی کے کورس، منظم تیراکی کی تربیت اور پیشہ ور کھلاڑیوں کے لیے تیراکی کی سہولت مہیا کی جا سکے۔
- بحالی صحت اور بحالی ورزش کی پیشکش جو انفرادی طور پر یا منتظم کے ساتھ چھوٹے گروپوں میں دی جا سکے
- اور انفرادی علاج کی سہولت جس کے لیے وقت لیا جا سکے اور جہاں تالاب علاج کا ایک حصہ ہو
- تفریحی پارک، بنگوہال، آرکید، پلے لینڈ، باؤلنگ ایلی اور اسی طرح کی جگہیں
- عجائب گھر
- سینیما، تھیٹر، محفلِ موسیقی کے مقامات اور اسی طرح کے ثقافتی اور تفریحی جگہیں۔
- دیگر عوامی مقامات اور کاروبار جہاں پر منظم طور پر ثقافتی، کھیل اور تفریحی سرگرمیاں چل رہی ایسی جگہ کو 20 سال سے عمر کے بچوں اور نوجوانوں کے لیے کھول سکتے ہیں، بالغوں کے لیے بیرون خانہ سرگرمیاں اور اندرون خانہ منظم تربیت اور پیشہ ور کھیلاڑیوں کے لئے بیرون خانہ ، تاہم دوسرے افراد کے لیے اس وقت ایسی جگہوں پر تفریحی سرگرمیاں نہ ہوں۔

## تجاویز

- گھر پہ ایک وقت میں پانچ سے زیادہ مہمان مدعو نا کریں۔ ترجیحا' باہر ملنے کی ترغیب دی جاتی ہے

- کام کے روابط ، گھریلو افراد اور بارنے ہاگے اور اسکول کے ساتھیوں میں ضروری رابطوں کے علاوہ ایک ہفتہ کے دوران رابطوں کی تعداد 10 افراد سے زیادہ نہیں ہونی چاہیئے۔
- ایسے افراد جن کو بیماری لگنے کا خدشہ زیادہ ہو ان سے کم از کم دو میٹر کا فاصلہ رکھیں اور ایسے حالات میں خاص طور پر جب ایفیکشن کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے (جیسے اعلیٰ شدت کی جسمانی سرگرمی کے دوران گانا گانا یا چیخنا)
- ہر ایک کو غیر ضروری سفر سے گریز کرنا چاہئیے۔کام کرنے کے لیے سفر پر جانا ضروری گردانا جائے گا۔کثیر اکثریت کے لیے گھر سے کام کرنے کے تقاضے لاگو ہوتے ہیں
- بلدیہ میں رہنے والوں کو مقامی خریداری کے مراکز اور ڈیپارٹمینٹل سٹورز کو استعمال کی سفارش کی جاتی ہے
- رہائشی اپنے اہل خانہ کے ساتھ تفریحی کاٹیج جا سکتے ہیں۔ سفر سے پہلے تمام خریداری اپنی رہائشی بلدیہ میں کریں۔ دوکانوں، ریستوراں یا کاٹیج کی بلدیہ میں پرہجوم جگہ کی طرف رجوع نہ کریں۔ سکینگ ٹریل، سکیینگ ٹریک اور چہل قدمی کے دوران دوسروں سے خوب فاصلہ رکھیں۔یہ ضرور جانیے کہ کاٹیج بلدیہ میں کونسے مشورے اور قواعد لاگو ہوتے ہیں اور ان پر عمل کریں۔ مہمان مدعو نہیں کریں اسکی ریزورٹ ایف ایچ آئی کے مشورے یہاں دیکھیں

- بلدیات اور اضلاع کو عوامی ٹرانسپورٹ میں مظبوط اقدامات متعارف کروانے چاہیئں، مثال کے طور پر نقل و حمل کے زرائع میں صرف پچاس فیصد تک استعمال کی گنجائش ہو
- چھوٹے کاروبار، مثال کے طور پر نائی، مضبوط اقدامات کرنے کی ضرورت ہے جیسے کہ چہرے پہ لگانے والا ماسک، اگر ایک میٹر کا فاصلہ رکھنا ناممکن ہو دوسری صورت میں کام میں کمی یا عارضی طور پر پیشکش ختم کر دیں جس میں آمنے سامنے ہونے کے امکان زیادہ ہوں
- اپنے قریبی رابطوں اور اہل خانہ کی جانچ اور اس کی پیروی کرنا:
- وہ افراد جو انفیکشن کے قرنطینہ میں ہیں انھیں اس مدت کے ساتویں سے دسویں دن ٹیسٹ کروانے کا مشورہ دیا جاتا ہے
- تبدیل شدہ کرونا وائرس کے لگنے سے وابستہ قریبی رابطوں کے قرنطینہ میں داخل ہوتےوقت (جب یہ واضح ہو جائے کہ بیماری لگنے والے کے قریبی رابطے ہیں) اور قرنطینہ سے نکلتے وقت (ابتدائی سات دن کے بعد) پی سی آر ٹیسٹ کے زریعے جانچا جاتا ہے۔

- قریبی رابطوں کے اہل خانہ کے افراد کو تب تک قرنطینہ میں رہنا ہوگا جب تک قریبی رابطے کے لیے گئے پی سی آر ٹیسٹ کا جواب دستیاب نہ ہو جائے۔ یہ انگریزی وائرس کی تبدیل شدہ قسم کے پھوٹنے کی صورت میں لاگو ہوتا ہے۔

## چہرے کا ماسک پہننا لازم ہے

- جب اپنے اہل خانہ کے علاوہ دوسروں کے قریب سے گزرنے کا فاصلہ 1 میٹر سے کم ہو تو ایسی صورت میں، دوکانوں، خریداری کے مراکز کی مشترکہ جگہ، ریستوراں، عبادگاہوں اور مکتبہ فکر گھروں ، مشترکہ نقل و حمل کے زرائع اور اندرون خانہ اسٹیشن، اور ثقافتی، کھیل اور تفریحی سرگرمیوں کے احاطے میں ماسک کا استعمال ضروری ہو گا۔
- سواریاں ٹیکسی میں ماسک کا استعمال کریں گی۔ سواری ٹیکسی میں داخل ہونے سے پہلے ماسک لگائے گی اور جب تک سفر ختم ہو اور سواری ٹیکسی سے اتر نہیں جاتی تب تک ماسک پہننا پڑے گا۔ماسک لگانے کا یہ فریضہ ٹیکسی کے ڈرائیور پر بھی سواری گاڑی میں موجود ہونے کی صورت میں لاگو ہوتا ہے
- ماسک لگانے کا اطلاق ایسے مقامات کے ملازمین پر بھی ہوتا ہے جہاں پر آنے والوں سے کم از کم ایک میٹر کا فاصلہ قائم رکھنا ممکن نہ ہو۔ یہ ان ملازمین پر لاگو نہیں ہوتا جہاں ادارہ برائے صحت کی طرف سےانفیکشن کنٹرول کے دیگر اقدامات نافذ کیے گئے ہوں جیسے کے ، چہرے کو بچانے کےلیے پلاسٹک کا پورا چھجا، پلاسٹک کی حفاظتی دیوار۔
- ماسک کے استعمال کا اطلاق 12 سال سے کم عمر بچوں، اورجو طبی یا دوسری وجوہات کی بناء پر ماسک استعمال کرنے سے قاصر ہیں پر نہیں ہوتا۔

تمام بلدیات مقامی انفیکشن کی صورتحال کے پیش نظر سخت مشورے اور قوائد متعارف کروا سکتی ہے۔ اس لئے یہ جاننا نہایت ضروری ہے کہ آپ کی بلدیہ میں کیا لاگو ہوتا ہے۔

## ان بلدیات میں اقدامات ختم کیے جا رہے ہیں:

اور سکوگ۔ ہولانڈ، ییدرم، ہولے، ہوردال، والیر، یون آکر، کونگس برگ، لونر، مارکر، مودم، نیس، نیس اودن، نیتے دال، راکے ستاد، رینگے ریکے، شیپس تویت، ولر اور اورے ایکر۔

وہ بلدیات جو اقداماتی سطح A سے ( خاص اعلیٰ سطح کا اقداماتی درجہ) اقداماتی سطح B ( اعلیٰ سطح اقداماتی درجہ) پر جایئں گی ان کے لیے اس تبدیلی کا مطلب درج ذیل ہے:

- بچوں اور 20 سال سے کم عمر نوجوانوں کے لئے کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کو اندرونِ خانہ کرنے کی اجازت ہے۔ 20 سال سے زیادہ عمر کے لوگوں کے لئے منظم بیرونی سرگرمیوں پر پابندی کا اطلاق اب نہیں ہوتا ہے۔
- دکانیں ، مال اور ڈپارٹمنٹ اسٹور کھلے رہ سکتے ہیں۔ رہائشیوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ مقامی شاپنگ مالز اور ڈپارٹمنٹ اسٹورز استعمال کریں۔
- ریستوراں کھلے رہ سکتے ہیں، لیکن شراب پیش کرنے کی اجازت نہیں۔

۔20 سال سے کم عمر افراد کے لیے اسکول کی تیراکی، منظم تیراکی کے کورس، منظم تیراکی کی تربیت اور پیشہ ور کھلاڑیوں کے لیے تیراکی کی سہولت مہیا کی جا سکے، بحالی صحت اور بحالی ورزش کی پیشکش جو انفرادی طور پر یا منتظم کے ساتھ چھوٹے گروپوں میں دی جا سکے، اور انفرادی علاج کی سہولت جس کے لیے وقت لیا جا سکے اور جہاں تالاب علاج کا ایک حصہ ہو۔

علاقائی اقدامات سے خارج ہونے والی بلدیات کو قومی اقدامات پر عمل کرنا ہوگا۔

## علاقائی اقدامات کے بارے میں مزید معلومات

جب انفیکشن کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لئے اقدامات کو تیزی سے اور مربوط کرنے کے لئے ضروری ہو تو حکومت فیصلہ کرسکتی ہے کہ کسی ایک بلدیہ اور آس پاس کی بلدیات میں کون سے اقدامات نافذ کیے جائیں۔

بلدیات کے لیے منتخب کردہ اقدامات کی سطح، وباء کی شدت سے مشروط ہوتی ہے۔ تین اقداماتی درجات کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ اقدامات کا درجہ A ( خاص اعلیٰ اقداماتی سطح کا درجہ)، اقدامات کا درجہ B (اعلیٰ اقداماتی سطح کا درجہ) اور اقداماتی درجہ C ( کسی حد تک اونچی اقداماتی سطح کا درجہ) ہیں۔

یہاں آپ کو ایک جائزہ ملے گا کہ مختلف سطحوں پر کن اقدامات کا اطلاق ہوتا ہے